© rasailojaraid.com

شاہ اکرام حسین سیکری

# چند خاص خاص مشہور واقعات کی تاریخیں

○

بانیٔ پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی ولادت ۸ر ذی الحجہ ۱۲۹۳ھ میں ہوئی تھی۔

سالِ ولادت ، بانیٔ پاکستان ، باادب محمّد علی جناح

۹۳ ۱۲ھ

○

درگاہ حضرت بیجل سرمستؒ کے سجادہ نشین جناب خواجہ عبدالحق صاحب فاروقی کا یکم فروری ۱۹۷۸ء کو وصال ہوگیا۔

سالِ وصال ، عاشقِ نبیؐ ، خواجہ عبدالحق فاروقی

۷۸ ۱۹ء

○

تحریک پاکستان کے عظیم رہنما پیر عبداللطیف آف زکوڑی شریف (ڈیرہ اسماعیل خان) کا ۲ر فروری ۱۹۷۸ء کو وصال ہوگیا۔

سالِ وصال جناب عبداللطیف صاحب رُوحانی پیر آف زکوڑی شریف

۷۸ ۱۹ء

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ممتاز شاعر اور ادیب جناب غلام مصطفیٰ تبسم کا ۷ فروری ۱۹۷۸ء کو انتقال ہوگیا۔

سالِ وفات جلوہ طراز جناب صوفی تبسم صاحب مرحوم

۷۸　　　۱۹ء

بھارت میں اردو کے مشہور شاعر جناب اعجاز صدیقی صاحب کا ۹ فروری ۱۹۷۸ء کو انتقال ہوگیا۔

لب کُشا، سالِ وفات اکرام الادب، جناب اعجاز صدیقی صاحب مرحوم

۷۸　　　۱۹ء

سکھر (سندھ) کے مشہور مورخ، ادیب اور صحافی جناب رحیم داد خاں صاحب کا ۱۲ فروری ۱۹۷۸ء کو انتقال ہوگیا۔

سالِ وفات آزاد صحافی و ادیبِ عہدِ جدید، جناب رحیم داد خانصاحب

۷۸　　　۱۹ء

اسلام کے عظیم جرنیل، بطلِ حریت، فاتح بیت المقدس، غازی سلطان صلاح الدین ایوبی" کا ۴ مارچ ۱۱۹۳ء کو دمشق میں انتقال ہوگیا۔

سالِ وفات بہادر سُلطان صلاحُ الدین ایوبی

۹۳　　　۱۱ء

فاتحِ سومنات سُلطان محمود غزنوی" کا ۱۱ ستمبر ۱۰۴۸ء کو انتقال ہوگیا۔

سالِ وفات، سیفِ یزدان، سُلطان محمود

۴۸　　　۱۰ء

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

○

زبدۃ العارفین، شیخ الاسلام حضرت بابا فرید گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ (پاک پٹن شریف)
کا وصال ۵ محرم ۶۶۷ھ مطابق ۱۴ ستمبر ۱۲۶۸ء کو ہوا۔

سالِ وصال، پاک دل، زندہ دل، بابا فرید گنج شکرؒ

۶۸ ۱۲ء

سالِ وفات، جمالِ حق، زندہ دل، بابا فرید مسعودؒ

۶۸ ۱۲ء

سالِ وصال، دبدبۂ اسلام بابا فریدؒ

۶۷ ۶ھ

سالِ وصال، محبوبِ اولیاء، الحاج بابا فریدؒ

۶۷ ۶ھ

○

حضرت سید حاجی محمد نوشہ گنج بخش قادری کا وصال ۸ ربیع الاول ۱۰۶۴ھ مطابق
۱۷ جنوری ۱۶۵۴ء کو ہوا۔

سالِ وصال نورِ حق نوشاہ عالی جاہ

۶۴ ۱۰ھ

سالِ وصال، زندہ دل، نوشہ گنج بخش

۵۴ ۱۶ء

○

حضرت نوشہ گنج بخش کے پیر و مرشد حضرت سخی شاہ سلیمان قادری کا وصال
۲۷ رمضان ۱۰۱۲ھ / ۱۶۰۴ء کو ہوا۔

سالِ وصال، راہ نما شاہ سلیمان

۱۲ ۱۰ھ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سالِ وصال، شاہ سلیمان قادری جنت مکانی

۱۶۰۴ھ

○

سیکر (راجستھان) کے مشہور بزرگ حضرت سید اکبر علی شاہ صاحب چشتی کے مشہور خلیفہ حضرت مُلّا الٰہی بخش صاحب آنبیری کا ۱۷ ذیقعدہ ۱۳۳۷ھ مطابق ۱۴ اگست ۱۹۱۹ء یوم جمعرات کو وصال ہوگیا۔

سالِ وصال، زندہ دل، مُلّا الٰہی بخش

۳۷ ۱۳ھ

سالِ وفات، طبیبِ قلبی، جناب مُلّا الٰہی بخش صاحب

۱۹ ۱۹ء

○

شیرِ بنگال مولوی ابو القاسم فضل الحق صاحب کا ۲۷ اپریل ۱۹۶۲ء کو انتقال ہوگیا۔

آسمانِ جاہ مولوی فضل الحق، رفت!

۶۲ ۱۹ء

شہبازِ قوم، شیرِ بنگال، از جہانِ فانی رفت!

۶۲ ۱۹ء

○

مشہور ادیب اور شاعر جناب ماہر القادری صاحب کا ۱۲ مئی ۱۹۷۸ء کو انتقال ہوگیا۔

سالِ وفات، رونقِ محفل ماہر القادری مرحوم

۷۸ ۱۹ء

سالِ انتقال، جانِ زار: جناب ماہر القادری صاحب مرحوم

۷۸ ۱۹ء

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



○

مملکت پاکستان سنہ ہجری کے اعتبار سے ۲۷ رمضان ۱۳۶۶ھ (مطابق ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء) بروز جمعرات کو وجود میں آئی تھی۔

ہجری سالِ قیام ، منزلِ مُراد ، پاکستان

۶۶ ۱۳ھ

○

حیدرآباد سندھ کے ایک صحافی جناب انیس بھٹو کو قتل کردیا گیا۔ یہ واقعہ ۱۶ اپریل ۱۹۷۸ء کو پیش آیا۔

انسان نواز صحافی ، انیس بھٹو کو قتل کردیا گیا۔ افسوس !

۷۸ ۱۹ء

○

ہفت روزہ "ندائے بلوچستان" کے ایڈیٹر مسٹر سعید اقبال کو ۱۰ مئی ۱۹۷۸ء کو قتل کردیا گیا۔

آہ ! سعید اقبال مُدیر "ندائے بلوچستان" کو قتل کردیا گیا۔

۷۸ ۱۹ء

صاحبِ فن ، صحافی ، جناب سعید اقبال صاحب کو قتل کردیا گیا ، صدافسوس !

۷۸ ۱۹ء

○

امیر بھاولپور۔ صادق محمد خان عباسی کا ۲۴ مئی ۱۹۶۶ء کو انتقال ہوا۔

امیر جدید بھاولپور ، نواب سر صادق محمد خاں عباسی ، چلے گئے !

۶۶ ۱۹ء

آہ ! حسنِ کمالات : امیر بھاولپور ، از جہانِ فانی رفت

۶۶ ۱۹ء

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



○

سندھ کے ممتاز سیاسی رہنما، ادیب، اور صحافی جناب شیخ عبدالمجید صاحب سندھی کا ۲۴ مئی ۱۹۷۸ء کو انتقال ہوگیا۔

سالِ وفات، حکیمِ سندھ، شیخ عبدالمجید سندھی

۱۹۷۸ء

○

برصغیر پاک وہند کے مشہور ادیب اور صحافی جناب نیاز فتحپوری صاحب کا ۲۴ مئی ۱۹۶۶ء کو انتقال ہو۔

سالِ وفات، اپنا جواب آپ، آزاد طبع جناب نیاز فتحپوری صاحب مرحوم

۱۹۶۶ء

○

نامور شاعر، پرانے ترقی پسند ادیب، صحافی اور سیاسی رہنما جناب سید مطلبی صاحب فریدآبادی کا لاہور میں ۲۲ر جولائی ۱۹۷۸ء کو انتقال ہوگیا۔ انھوں نے ادب، صحافت اور سیاست کے شعبوں میں کارہائے نمایاں انجام دیئے تھے۔ انھوں نے ترقی پسند تحریک کا پہلا ماہنامہ کلچر جاری کیا۔ ترقی پسند ادیبوں کی تنظیم "انجمن ترقی پسند مصنفین" کے وہ بانی ارکان میں سے تھے۔

آہ! سالِ وفات۔ پاک باز ترقی پسند ادیب جناب سید مطلبی صاحب فریدآبادی

۱۹۷۸ء

○

راقم الحروف کے جدِ اعلیٰ حضرت مولانا حکیم سید امین الدین صاحب سنگھالوی کا ۱۲۹۶ھ میں وصال ہوا۔

نفیس سالِ وصال، آلِ محمد، حکیم سید امین الدین شاہ صاحب

۱۲۹۶ھ

© rasailojaraid.com